
بسم الله الرحمن الرحيم

# صفر کا مہینہ اور نحوست

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:

لَا عَدْوَی وَ لَا طِیَرَةَ وَلَا هَامَةَ وَلَا صَفَرَ

**کوئی مرض متعدی نہیں ہوتا اور نہ بدشگونی کی کوئی اصل ہے اور نہ الو میں نحوست ہے اور نہ صفر کی نحوست کی کوئی بنیاد ہے۔**

(صحیح البخاری : 5707)

ماہِ صفر

# بدشگونی شرک ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جو شخص برے شگون کی وجہ سے کسی کام سے رک گیا اس نے شرک کا ارتکاب کیا۔

(السلسلة الصحيحة :1065)

عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

”بدشگونی شرک ہے، بدشگونی شرک ہے“ آپ ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا

”اور ہم میں سے ہر ایک کو (کوئی نہ کوئی وہم) ہو جاتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ توکل کی برکت سے اسے دور کر دیتا ہے۔“

(سنن أبی داؤد : 3910)

ماہِ صفر

AL-HUDA International Welfare Foundation www.alhudapk.com Ph: +92-51-4436140-3

# بدشگونی کا کفارہ

رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ نے فرمایا:

''جو کسی چیز کی نحوست سے ڈر کر اپنے مقصد سے لوٹ آیا اُس نے شرک کیا'' صحابہ کرامؓ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ! اس کا کفارہ کیا ہوگا؟ فرمایا: وہ کہے،

## اَللّٰھُمَّ لَا خَیْرَ اِلَّا خَیْرُکَ
## وَلَا طَیْرَ اِلَّا طَیْرُکَ وَ لَا اِلٰہَ غَیْرُکَ

اے اللہ! تیری دی ہوئی بھلائی کے سوا کوئی بھلائی نہیں اور تیرے شگون کے سوا کوئی شگون نہیں اور تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں۔

(مسند احمد:7045)

ماہِ صفر

AL-HUDA International Welfare Foundation www.alhudapk.com Ph: +92-51-4436140-3

# بدشگونی اعلیٰ درجات سے محرومی کا سبب

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جس نے کہانت کی یا جس کے لیے کی گئی
یا جو بدشگونی لیتے ہوئے سفر سے واپس آگیا
وہ اعلیٰ درجات تک رسائی حاصل نہیں کرسکتا۔

(السلسلۃ الصحیحۃ: 2161)

ماہ صفر

AL-HUDA International Welfare Foundation www.alhudapk.com Ph: +92-51-4436140-3

# بدشگونی لینے والے سے رسولِ اکرم ﷺ کی بیزاری

عمران بن حصینؓ نے ایک آدمی کے بازو میں پیتل کا چھلہ دیکھا تو پوچھا یہ کیا ہے؟ اس نے کہا یہ کمزوری کی وجہ سے ہے انھوں نے کہا اگر اس چھلے کو پہنے ہوئے تجھے موت آ گئی تو تجھے اسی کے سپرد کر دیا جائے گا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

## جس نے برا شگون لیا یا اس کے لیے برا شگون لیا گیا، جس نے کہانت کی یا اس کے لیے کہانت کی گئی، جس نے جادو کیا یا جس کے لیے جادو کیا گیا وہ ہم میں سے نہیں۔

(السلسلة الصحيحة :2195)

ماہِ صفر

AL-HUDA International Welfare Foundation www.alhudapk.com Ph: +92-51-4436140-3

# برا شگون لینا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَیُسَ مِنَّا مَنُ تَطَیَّرَ اَوُ تُطُیِّرَلَهُ

وہ ہم میں سے نہیں ہے جس نے برا شگون لیا
یا اس کے لیے برا شگون لیا گیا۔

(السلسلة الصحیحة :2195)

ماہِ صفر

AL-HUDA International Welfare Foundation www.alhudapk.com Ph: +92-51-4436140-3

# نجومی کے پاس جانے کی سزا

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:

مَنْ اَتٰی عَرَّافًا فَسَئَلَهُ عَنْ شَیْءٍ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلَاةٌ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً

## جو شخص کسی کاہن یا نجومی کے پاس آیا
## اور اس سے کوئی بات پوچھی تو
## اس کی چالیس راتوں کی نمازیں قبول نہیں ہوتیں۔

(صحیح مسلم:5821)

ماہِ صفر

AL-HUDA International Welfare Foundation www.alhudapk.com Ph: +92-51-4436140-3

# بدشگونی کا علاج

## ایمان کو مضبوط کرنا

سیدنا عبادہ بن صامتؓ نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:

مَا اَصَابَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَكَ وَمَا اَخْطَاَكَ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيبَكَ

**جو مصیبت تم کو پہنچی وہ تم سے ٹل نہیں سکتی تھی اور جو ٹل گئی وہ تم پر آ ہی نہیں سکتی تھی۔**

(سنن أبی داؤد:4700)

ماہِ صفر

AL-HUDA International Welfare Foundation www.alhudapk.com Ph: +92-51-4436140-3

# بدشگونی کا علاج دعا

ہر فرض نماز کے بعد یہ دعا پڑھنا مسنون ہے

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا
یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ

اے اللہ! کوئی روک نہیں سکتا جو آپ عطا کریں اور کوئی دے نہیں سکتا جس کو آپ روکنا چاہیں
اور آپ کے عذاب کے مقابلے میں کسی دولت مند کو اس کی دولت فائدہ نہیں دے سکتی۔

(صحیح مسلم:1338)

ماہِ صفر

# بلاحساب جنت میں جانے والے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

میری امت کے ستر ہزار لوگ بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے۔

یہ وہ لوگ ہوں گے جو جھاڑ پھونک نہیں کراتے،

بدشگونی نہیں لیتے اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

(صحیح البخاری: 6472)

ماہِ صفر

AL-HUDA International Welfare Foundation www.alhudapk.com Ph: +92-51-4436140-3